اسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر جیکب آباد ریلوے اسٹیشن مظفر حسین قریشی کو ڈاکوؤں کے چنگل سے بازیاب کرانے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں، لیبر ڈویژن

کراچی ۔۔۔4، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین نے ڈاکوؤں کی جانب سے اسسٹ اسٹیشن ماسٹر جیکب آباد ریلوے اسٹیشن مظفر حسین قریشی کے اغواء کی واردات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں لیبر ڈویژن نے کہا کہ ریلوے انتظامیہ اور سندھ پولیس کی جانب سے مظفر حسین قریشی کے اہل خانہ کو زبانی تسلی وتشفی دی جارہی ہے اوران کی بازیابی کیلئے عملی اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں جس کے باعث ریلوے کے محنت کشوں اور مظفر حسین قریشی کے اہل خانہ سخت تشویش کا شکار ہیں اوران میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔لیبر ڈویژن نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ مظفر حسین قریشی کے اغواء کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوران کی بخیریت بازیابی کو جلد از جلد ممکن بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆